BE SAFE CHICAGO




# محفوظ رہیں۔ تعمیرات

CHICAGO

## احتیاط سے دوبارہ کھولنے پر شکاگو درج ذیل کا طالب ہے:

### صحت مندانہ میل جول

#### سماجی دوری



دوسرے افراد سے سماجی دوری پر تحدیدات

#### مجمع کا سائز



افراد کے مجمع پر تحدیدات

#### حفاظتی پوشش



افراد کے ذریعے حفاظتی پوشش کا استعمال

#### حفظان صحت کے تقاضے



حفظان صحت سے متعلق میل جول کو یقینی بنانا
(جیسے، ہاتھ دھونا)

### محفوظ جگہیں اور حالات

#### داخلہ تک رسائی



جگہ تک رسائی حاصل کرنے کے لیے داخلہ/نکاسی کی حالت

#### صفائی کے معیارات




جگہ کی جراثیم ربائی کے لیے اختیار کردہ اقدامات

#### مرئی رہنمائی



جگہ میں پوسٹ کردہ حفظان صحت کے وسائل اور رہنمائی

#### جائے کار کے حالات



پیدل ٹریفک، ہوا داری، وغیرہ کی قدر پیمائی

### عمل آوری سے متعلق سکڑاؤ اور نگرانی

#### لچک پذیر ماڈلز



بیماری کی چھٹی کے ساتھ لچک، ریموٹ کام
(ممکن ہونے پر)

#### عمل آوری سے متعلق سکڑاؤ



عمل آوری سے متعلق لچک پذیری کے لیے تعاون
(جیسے، متعدد شفٹس)

#### سفر سے متعلق رہنما خطوط



مقامات کے بیچ لوگوں کی نقل و حرکت پر پابندی

#### جانچ کرنا / ٹریک کرنا



جانچ کرنے اور ٹریک کرنے کی سہولت رسائی

# محفوظ رہیں۔ تعمیرات
## صحت مندانہ میل جول



**سماجی دوری**

### سماجی دوری کے رہنما خطوط کی مشق کریں، الّا یہ کہ ان سے حفاظتی خطرہ پیدا ہو

- ان حصوں کو شناخت کریں جہاں کارکنان کے جمع ہونے کا امکان ہے (وقفہ والے حصے، گلیارے، رسے، زینے، وغیرہ) اور انہیں بند کریں یا دوری سے متعلق پابندیاں برقرار رہنے کو یقینی بنا ئیں (نقل و حرکت کی رہنمائی کے لیے مارکرز نصب کر کے
- ملازمین کو کام کرنے کے نامزد حصے تفویض کریں اور ملازمین کے بیچ جسمانی رابطہ کی حوصلہ شکنی کریں (جیسے، مصافحہ نہیں کرنا، گلے نہیں ملنا)
- سماجی دوری کو فروغ دینے کے لیے ایک ہی وقت ایک ہی جگہ میں کارکنان کی تعداد گھٹانے کے لیے شفٹوں کو بہتر بنائیں
- گاڑیوں کے مشترکہ استعمال کی حوصلہ شکنی کریں؛ ملازمین کے ساتھ کام کر کے آس پاس میں کام اور اس کی تدابیر تلاش کریں



**مجمع کا سائز**

### میٹنگوں یا "ہجوم" کے دوران صرف چھوٹے مجمع کی اجازت دیں، 10 سے زیادہ لوگ نہ ہوں اور مناسب دوری ہو

- ایک ہی سائٹ (جیسے، دخول/خروج) پر کسی بھی میٹنگ یا گھٹن والے مقامات پر 10 سے زائد لوگ نہ ہوں




## سائٹ پر مبنی افراد کے لیے مناسب PPE فراہم کریں

- کسی عمومی اندرون اور بیرون کی جگہوں پر، ناک اور منہ پر فیس کورنگز پہننا ضروروی ہے (ایسی طبی کیفیات یا معذوریوں کے حامل افراد کے لیے استثناء ہو سکتے ہیں جو انہیں بحفاظت فیس کورنگ پہننے سے باز رکھتی ہیں یا اگر کام کرنے کی سائٹ پر حفاظتی خطرہ ہو)
- ایسے کام کے دوران PPE کا تقاضا کریں جوو دوسروں کے ساتھ اکثر رابطے کو لازمی بناتا ہو، یا جہاں سماجی دوری ممکن نہ ہو (جسیے ایلیویٹر یا چڑھانے کا عمل یا تعمیر، یا دیگر بند/تنگ جگہیں)
- ممکن حد تک، جہاں عوام کی موجودگی ہو وہاں فاضل اوقات میں کام انجام دیں
- مناسب PPE فراہم کریں، بشمول — لیکن بلا تحدید — چہرے کے ماسک، شیلڈز، اور ریاستی یا وفاقی قانون کے ذریعے مطلوب کوئی اضافی آلات




## حفظان صحت کے معیارات تشکیل دیں

- ہاتھ دھونے کی سہولیات تک رسائی فراہم کریں
- کارکنان اور کام کی سائٹ پر آنے والے ملاقاتیوں کے ذریعہ سائٹ پر صابن اور پانی سے اکثر ہاتھ دھونے کی ترغیب دیں
- کام کی سائٹ پر لے جانے کے لیے ملازمین کو خود ان کا الکحل پر مبنی دست صفا اور/یا قابل ضیاع جراثیم رفا صافیاں مہیا کریں
- ملازمین کو کام پر واپس آتے وقت COVID-19 سے متعلق صحت و سلامتی کی تربیت مکمل کرنے کو یقینی بنائیں
- مشترک غذا (جیسے بوفے طرز کے کھانے) ممنوع قرار دیں اور ملازمین کو گھر سے لنچ لانے کی ترغیب دیں۔
- غیر مرکزیت یافتہ ٹول باکس ٹاکس کا استعمال کر کے تحفظ، سائٹ کے پروٹوکولز اور COVID-19 پر یومیہ فیلڈ کے تعارفی بیانات انجام دیں
- ذیلی ٹھیکیداروں سے تربیت اور تحفظ کی سند کا تقاضا کریں جو COVID-19 کے عنوانات پر معلومات پر مشتمل ہو

# محفوظ رہیں۔ تعمیرات

## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات



داخلہ تک رسائی

### رسائی کے مقامات کی تعداد محدود کریں اور کام کی سائٹس پر داخل ہونے والوں کی اسکریننگ کریں

- کام کی سائٹ پر داخل یا خارج ہونے کے مقامات کو کم سے کم کریں
- عوامی رسائی پر پابندی لگانے کے لیے بیریکیڈز لگائیں، اور جہاں ممکن ہو وہاں، فاضل اوقات میں کام کریں جہاں دوسرے لوگ موجود نہ ہوں
- گھر چھوڑنے سے پہلے تمام افراد کو علامات کو از خود شناخت کرنے اور علامات موجود ہونے کے صورت میں گھر پر رہنے کی ترغیب دی جاتی ہے
- اسٹبلشمنٹ میں داخل ہونے سے پہلے، ملازمین از خود اسکریننگ کر کے COVID-19 کی علامات نہیں ہونے کو یقینی بنائیں (جیسے، سوالنامہ – ضمیمہ دیکھیں)



صفائی کے معیارات

### کام کی سائٹس اور زیادہ ٹچ ہونے والی سطحوں کے لیے صفائی کے معیارات طے کریں

- کم از کم، ہر شفٹ کے بیچ سائٹس اور بھاری ٹرانزٹ کے حصوں کی اچھی طرح صفائی کریں
- مثبت کیس کی صورت میں، زد میں آنے والے حصوں کی صفائی اور جراثیم ربائی کرنے سے قبل 24 گھنٹے انتظار کریں تاکہ CDC کے رہنما خطوط کے مطابق دوسرے ملازمین کو اس کے لاحق ہونے کا احتمام کم ہو جائے
- زیادہ ٹچ ہونے والی سطحوں (جیسے، مشترک ٹولز، مشینوں، گاڑیوں، دستی سہارے، قابل منتقلی ٹوائلٹس) کی ہر 4 گھنٹے پر اور/یا ذاتی ہینڈلنگ میں کسی تبدیلی کے بعد صفائی کریں
- گاڑیاں شیئر کرنا ضروری ہونے کی صورت میں، مناسب صفائی یقینی بنائیں

# محفوظ رہیں۔ تعمیرات

## محفوظ جگہیں اور کام کرنے کے حالات



مرئی رہنمائی

**سائٹ پر داخل ہونے والے گاہکوں کے لیے رہنما خطوط شائع کریں (جیسے PPE پہننا، ہینڈ سینیٹائزنگ کے تقاضے)، بشمول ایسی زبان جو گاہکوں کو خود اپنے جوکھم پر داخل ہونے کی بات بتائے**

- کام کی سائٹ کے نئے آپریٹنگ کے حالات سے متعلق رہنما خطوط شامل کریں (جیسے PPE پہننا، ہینڈ سینیٹائزنگ کے تقاضے، وغیرہ)
- ایسی زبان شامل کریں جو گاہکوں کو خود اپنے جوکھم پر داخل ہونے کی بات بتائے



جائے کار

**لوگوں کے بیچ رابطہ کم سے کم کرنے کے لیے جائے کار سے متعلق آسان کردہ شرائط کو فروغ دیں**

- کام کرنے کی جگہیں اور ٹریفک کی روانی کے ایسے طرز متعین کریں جس سے، ممکن ہونے پر، سماجی دوری کے مدنظر CDC کے رہنما خطوط پر عمل ہو
- وہ غیر ضروری عمومی حصے بند کر دیں جو CDC کے رہنما خطوط کی تعمیل کرنے سے قاصر ہوں
- سائٹ پر کام کرنے کی جگہوں سے باہر نقل و حرکت کم رکھنے کے لیے سامان کے پلیسمنٹ کا نظم کریں

# محفوظ رہیں۔ تعمیرات

## اعمال اور نگرانی



لچک پذیر ماڈلز

### ابتلاء کم سے کم کرنے کیلئے بذات خود کام کو کم کریں

- جگہ کی بندشوں اور سائٹس پر رسائی پر پابندی لگانے کی اہلیت کی بنیاد پر مختلف تعمیری سائٹس کے لیے مختلف پروٹوکولز لاگو کریں
- کام کرنے کے اوقات اور شفٹوں کو ایڈجسٹ کریں (جیسے، A/B کا عملہ، مقررہ آمد/روانگی) تاکہ کام کی سائٹ پر کثافت کم ہو، ملازمین کے بیچ رابطہ کم سے کم ہو، اور داخلہ کے مقامات پر بھیڑ بھاڑ رکے (خاص طور پر بند جگہ یا کھلی ورک سائٹس پر)
- مصیبت زدہ/مصالحت شدہ ملازمین کے ساتھ کام کرکے جائے کار کی محفوظ تر سہولیات پتہ کریں (جیسے، دوسرے افراد کےساتھ رابطہ کم کرنے کے لیے پوزیشن کی شفٹنگ، ممکن ہونے پر آف سائٹ کام)



عمل کا سکڑاؤ

### میل جول کرنے کے رویے کو فروغ دیں

- ممکن ہونے پر، ملازمین کی شفٹ اورلیپنگ کو محدود کریں



سفر سے متعلق رہنما خطوط

### غیر لازمی سفر کو روکیں

- سفر کو صرف لازمی کاروباری اعمال تک محدود کریں (جیسے، پروڈکٹ کی ڈیلیوریز، سپلائی چین کا تسلسل، نازک بنیادی ڈھانچے کو برقرار رکھنا)

## جانچ کرنے اور پتہ لگانے کے پروٹوکول کے مدنظر CDPH اور CDC کی رہنمائی پر عمل کریں

جانچ کرنا/ ٹریک کرنا

- اگر ملازم COVID-19 کی زد میں آتا ہی ہے تو انھیں کام پر واپسی سے پہلے تمام CDC کے رہنما خطوط پر عمل کرنا ضروری ہے
- جانچ کے ذریعے COVID-19 مثبت کے بطور شناخت شدہ تمام ملازمین کی صفائی اور جراثیم ربائی CDC کے رہنما خطوط کے مطابق ہونا ضروری ہے
- جس کسی ملازم کا بھی ایسے ساتھی کارکن یا دیگر فرد سے قریبی رابطہ رہا ہے جس میں COVID-19 کی شناخت ہوئی ہے اسے CDC کے رہنما خطوط کے مطابق از خود کورنٹین کرنا چاہیے
- اگر کسی فسیلیٹی کو 14 دنوں کے اندر اسٹبلشمنٹ سے وابستہ امکانی طور پر 2 یا زائد کیسز کا علم ہو جاتا ہے تو ملازمین سے CDPH کے پاس ان کیسز کی رپورٹ کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے
- CDPH کی دیگر تمام طے شدہ رہنما خطوط پر عمل کریں اور جائے کار میں وبا کے جواب میں CDPH کی سفارشات کی تعمیل کریں

## فرہنگ

**مجمع:** منصوبہ بند یا برجستہ ایونٹس جہاں افردا قریبی معیت (6> فٹ) میں ایک توسیعی وقت کے لیے گھرانے کے باہر کے افراد سے میل جول کرتے ہیں

**ہاتھ دھونا:** کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے یا COVID-19 کا سبب بننے والے وائرس کو ختم کرنے کے قابل جراثیم ربا کا استعمال کر کے کسی فرد کا ہاتھوں کو خوب اچھی طرح دھونے کا عمل

**سماجی دوری:** افراد، یا افراد کے گروپ کے بیچ کم از کم چھ فٹ کی جسمانی جگہ۔

**PPE:** ذاتی حفاظتی آلات (جیسے، فیس کورنگز، چشمے، فیس شیلڈ)؛ صنعت اور مخصوص حالات کی بنیاد پر تقاضے مختلف ہیں

---

## سیلف اسکریننگ کا نمونہ سوالنامہ

**از خود اسکریننگ:** ایک پروٹوکول جس کے ذریعے کوئی ملازم شفٹ کے شروع میں سوالوں کا جواب دیتا ہے۔ کمشنر برائے صحت کی رہنمائی کے مطابق، سوالات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- کیا آپ کے جسم کا درجۂ حرارت 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد رہا ہے یا آپ نے 100 ڈگری فارن ہائٹ سے زائد جسم کے درجۂ حرارت کا علاج کرنے کے لیے پچھلے 24 گھنٹے میں بخار کم کرنے والی دوا استعمال کی ہے؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی کھانسی ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی یا خراب ہوتی گلے کی خراش ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ کو کوئی ایسی نئی سانس لینے میں دقت ہے جسے آپ صحت کی دیگر کیفیت سے منسوب نہیں کر سکتے ہیں؟
- کیا آپ میں حالیہ دنوں میں بو یا ذائقے کا مکمل فقدان پیدا ہوا ہے؟

## مزید رہنمائی کے لیے ملکی وسائل

## جائے کار سے متعلق عام رہنمائی

**CDC** – *COVID-19 کے جوابی کی تائید کرنے والی سرگرمیاں اور پیشقدمیاں اور امریکہ کو دوبارہ کھولنے کے لیے صدر کا منصوبہ :* https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/downloads/php/CDC-Activities-Initiatives-for-COVID-19-Response.pdf

**CDC** – *کاروبار اور جائے کار کے لیے رہنمائی* https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/community/organizations/businesses-employers.html

**OSHA** *جائے کار کو COVID-19 کے لیے تیار کرنے سے متعلق رہنمائی:* https://www.osha.gov/Publications/OSHA3990.pdf

## تعمیر سے متعلق رہنمائی

**ایسوسی ایٹڈ جنرل کنٹریکٹرز آف امریکا** – *COVID-19 سے متعلق وسائل:* https://www.agc.org/coronavirus

**OSHA** – *تعمیر کے لیے COVID-19 سے متعلق رہنمائی:* https://www.osha.gov/Publications/OSHA4000.pdf

## اعلان دستبرداری

اس دستاویز میں فراہم کردہ کوئی بھی لنکس صرف سہولت اور معلوماتی مقاصد کے لیے ہیں؛ ان سے کسی پروڈکٹ، خدمات یا کارپوریشن یا تنظیم یا فرد کی سٹی آف شکاگو کی جانب سے تائید یا منظوری لازم نہیں آتی ہے۔ سٹی آف شکاگو خارجی سائٹ کی درستگی، قانونی جواز یا مشمولات کی یا مابعد کے لنکس کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی ہے۔ خارجی سائٹس کے مشمولات کے سلسلے میں سوالوں کے جوابات کے لیے ان سے رابطہ کریں۔